نماز میں ناف کے نیچے ہاتھ باندھنا

فتوی نمبر:WAT-818

تاریخ اجراء:17شوال المکرم1443ھ/19مئی2022

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

نماز میں مَردوں کے لیے قیام کی حالت میں ناف سے نیچے ہاتھ باندھنا کہاں سے ثابت ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

مَردوں کے لئے حالت قیام میں ناف کے نیچے ہاتھ باندھنا متعدد احادیث سے ثابت ہے، جن میں سے چند درج ذیل ہیں:

حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں:"رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وضع یمینه علی شماله تحت السرة"ترجمہ: میں نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں داہنا ہاتھ بائیں ہاتھ پر ناف کے نیچے رکھا۔(مصنف ابن ابی شیبه، کتاب الصلوۃ، باب وضع الیمین علی الشمال، جلد1، صفحه427، مکتبه امدادیه، ملتان)

سنن ابوداود اور دودار قطنی میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی، فرماتے ہیں(واللفظ للاول):"من السنة وضع الکف علی الکف فی الصلاۃ تحت السرة"ترجمہ: نماز میں دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر ناف کے نیچے رکھنا سنت ہے"۔(سنن ابوداود، کتاب الصلوۃ، باب وضع الیمنی علی الیسری فی الصلوۃ، جلد1، صفحه201، مطبوعه بیروت)

مصنف ابن ابی شیبہ میں حجاج ابن حسان سے مروی، فرماتے ہیں:"سمعت ابا مجلز او سالته،۔۔ کیف یضع؟ قال: یضع باطن کف یمینه علی ظاهر کف شماله ویجعلها اسفل من السرة"ترجمہ: میں نے ابو مجلز سے سنا، یا ان سے سوال کیا کہ نماز میں ہاتھ کیسے رکھیں، آپ نے فرمایا: اپنے داہنے ہاتھ کی ہتھیلی بائیں ہاتھ کی پشت پر رکھے اور انہیں ناف کے نیچے رکھے۔(مصنف ابن ابی شیبه، کتاب الصلوۃ، باب وضع الیمین علی الشمال، جلد1، صفحه427، مکتبه امدادیه، ملتان)

کنزالعمال میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی، فرماتے ہیں:”ثلاثة من اخلاق الانبیاء، تعجیل الافطار ،وتاخیر السحور، ووضع الاکف تحت السرة فی الصلاۃ“ترجمہ: تین چیزیں انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کی عادات سے ہیں: افطار میں جلدی کرنا، سحری میں تاخیر کرنا اور نماز میں ہتھیلیاں ناف کے نیچے رکھنا۔“(کنز العمال، حرف المیم، کتاب المواعظ والرقائق، باب الترغیبات، جلد1، صفحہ230، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبہ

المتخصص فی الفقہ الاسلامی

عبدہ المذنب محمد نوید چشتی عفی عنہ

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftAhlesunnat
Dar-ul-Ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net